دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اسٹاف کرکٹ ٹیم نے اکیسویں آل انڈیا وائس چانسلرز کرکٹ کپ ٹی-20 ٹورنامنٹ 2025 جیت لیا؛ سات سالوں بعد معزز ٹرافی دوبارہ جامعہ کے نام**

نئی دہلی، 20 نومبر 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ (جے ایم آئی) کی اسٹاف کرکٹ ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اکیسویں آل انڈیا وائس چانسلرز کرکٹ کپ ٹی-20 ٹورنامنٹ 2025 کا خطاب اپنے نام کر لیا۔ یہ ٹورنامنٹ لالہ لاجپت رائے یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، ہنسیار (ہریانہ) میں 6 سے 15 نومبر 2025 تک منعقد ہوا تھا۔

ٹورنامنٹ میں ملک کی مختلف یونیورسٹیوں کی چوبیس ٹیموں نے شرکت کی۔ جامعہ کی ٹیم نے پورے ٹورنامنٹ میں ناقابلِ شکست رہتے ہوئے فائنل میں یونیورسٹی آف جموں کو شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کرلی۔ فائنل میں جامعہ نے تین وکٹوں سے کامیابی حاصل کی (اسکور: یونیورسٹی آف جموں 9/146، جامعہ 7/147)۔

جامعہ کی ٹیم اور کھلاڑیوں کی نمایاں کارکردگی:

•جامعہ کی ٹیم نے کل 8 میچ کھیلے اور تمام میچوں میں کامیابی حاصل کی۔
•ایک لیگ میچ 10وکٹوں سے جیتا۔
•کوارٹر فائنل میں مضبوط حریف ایم ڈی یو روہتک کو بھی 10وکٹوں سے شکست دی۔

•جناب محمد اخلاق (نائب کپتان، ٹیکنیکل اسسٹنٹ، سینٹر فار فزیوتھراپی) ٹورنامنٹ میں جامعہ کے سب سے بہتر کھلاڑی قرار پائے۔ انہوں نے 274رنز بنائے اور 10وکٹیں بھی حاصل کیں (45.4 ایم وی پی پوائنٹس)۔ انہوں نے کئی میچوں میں اہم اننگز کھیلیں اور ضرورت کے وقت اہم وکٹیں حاصل کیں۔

•جناب محمد واحد (یو ڈی سی، فنانس اینڈ اکاؤنٹس آفس) کو فائنل میچ میں شاندار کارکردگی پر "مین آف دی میچ" قرار دیا گیا۔ انہوں نے 34 گیندوں پر 46 رنز بنائے۔ وہ پورے ٹورنامنٹ میں جامعہ کے بہترین بلے باز بھی رہے۔ انہوں نے 8 میچوں میں مجموعی طور پر 326 رنز بنائے، 54.33 کی اوسط اور 180.11 کے اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ اس دوران انہوں نے تین نصف سنچریاں بھی اسکور کیں۔

•پروفیسر سرفراز مسعود (ڈپارٹمنٹ آف کمپیوٹر انجینئرنگ) کو جامعہ کی جانب سے ٹورنامنٹ کا بہترین بولر قرار دیا گیا۔ انہوں نے 8 میچوں میں 12 وکٹیں حاصل کیں اور ان کی اکانومی 6.13 رہی۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عزت مآب شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف نے جے ایم آئی اسٹاف کرکٹ ٹیم کو اس شاندار کامیابی پر مبارک باد پیش کی اور ان کی غیر معمولی کارکردگی کی بھرپور ستائش کی۔ جوں ہی ڈائریکٹر، گیمز اینڈ اسپورٹس، جامعہ کی جانب سے ٹیم کی فتح کی خبر پہنچی، پروفیسر آصف نے ایک پُروقار تقریب میں کھلاڑیوں کو اعزازات سے نوازا، جس میں جامعہ کے سیکڑوں تدریسی و غیر تدریسی ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر آصف نے گرم جوشی سے مبارک باد پیش کی اور کہا کہ یہ شاندار فتح جامعہ کی ٹیم کی محنت، غیر متزلزل لگن اور ٹیم اسپرٹ کا روشن ثبوت ہے۔

مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے بھی ٹیم کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ ٹیم نے جس محنت اور جذبے کے ساتھ کھیل پیش کیا، اس نے جامعہ کا نام روشن کیا ہے۔ انہوں نے ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس پروفیسر نفیس احمد، تمام کھلاڑیوں، کوچ اور ٹیم مینیجر کوششوں کو سراہتے ہوئے اس بڑی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا اور ٹیم کے آئندہ ٹورنامنٹس کے لیے نیک خواہشات پیش کیں۔

پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر (گیمز اینڈ اسپورٹس)، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ٹورنامنٹ کے دوران جامعہ کی اسٹاف کرکٹ ٹیم کی شاندار کارکردگی اور عزم کی بھرپور تعریف کی۔ نہوں نے ہر کھلاڑی کے نظم و ضبط اور بالخصوص اس بے لوث انداز کو سراہا جس کے ساتھ پوری ٹیم نے متحد ہو کر کھیل پیش کیا اور ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر کامیابی حاصل کی۔ پروفیسر نفیس نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی محنت، خلوص اور عزم کو برقرار رکھتے ہوئے مستقبل میں بھی جامعہ کا نام اسی طرح فخر سے بلند کرتے رہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی ، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ